# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : ناہید حسن

چوتھی جماعت کے لئے



| | |
|---|---|
| ٹیچر کیلئے نوٹ | • اکثر دیکھا گیا ہے کہ کچھ بچے فطرتاً بہت شرمیلے ہوتے ہیں۔ اس کی کوئی وجہ بھی ہوسکتی ہے۔ اکثر شرمانے کی وجہ خود اعتمادی میں کمی بھی ہوتی ہے۔ مثلاً چشمہ لگانا' تتلانا' بہت دبلا یا موٹا ہونا بھی ایک وجہ بن سکتی ہے۔ایسے بچوں کی خود اعتمادی میں اضافہ کے لئے گھر والوں اور اسکول میں ٹیچرز اور بچوں کا تعاون بہت اہمیت رکھتا ہے۔ کہانی شرماتا جاتا بھی ایک ایسے ہی بچے کی کہانی ہے۔ یہ کتاب چوتھی جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔ |

## سیشن 1

| | |
|---|---|
| 30 منٹ | • ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ آج کلاس میں گانے اور لطیفے سنانے کا مقابلہ ہوگا۔ گانے اور لطیفے سنانے میں دلچسپی رکھنے والے بچوں کے دو گروپ بنا لئے جائیں۔ باری باری بچے گانے یا لطیفے سنائیں۔ ہر ایک بچے کے لئے ٹیچر سمیت سب بچے بھی تالیاں بجائیں۔ کلاس میں یقیناً کچھ بچے ایسے بھی ہوں گے جو کلاس کے سامنے کھڑے ہو کر کچھ بھی سنانے کے لئے تیار نہیں ہوں گے یا سناتے ہوئے شرما رہے ہوں گے۔ ٹیچر ان کی حوصلہ افزائی کریں اور اگر ممکن ہو تو خود ان کے ساتھ گانا گائیں۔ یا اس بچے سے پوچھیں کہ وہ کسی دوسرے بچے کے ساتھ مل کر گانا چاہتا ہے۔ بعد میں ٹیچر ایسے بچوں سے سوال کریں کہ انہوں نے کوئی گانا یا لطیفہ کیوں نہیں سنایا؟ یقیناً کچھ بچے کہیں گے کہ انہیں شرم آتی ہے۔ اب آپ انہیں بتائیں کہ آج جو کہانی ہم پڑھیں گے وہ بھی ایک شرمیلے بچے کی کہانی ہے۔ |
| 15 منٹ | • ٹیچر بچوں کو کہانی ''شرماتا جاتا'' پورے تاثرات کے ساتھ سنائیں۔ نظمیہ انداز میں لکھی گئی اس کہانی کو سنانے سے پہلے کہانی لکھنے اور اس کے لئے تصویریں بنانے والے کا نام ضرور بتائیں۔<br>• اب کہانی سے متعلق سوالات کریں اور ایسے بچوں سے بار بار مخاطب ہوں جو خاموشی سے بیٹھے رہتے ہیں۔<br>(۱) کہانی کا نام کیا تھا؟<br>(۲) مصنف اور مصور کا نام بتائیں؟<br>(۳) پہلے صفحے پر کتنے بچے تھے؟ بچوں کے علاوہ اور کون نظر آ رہا تھا؟<br>(۴) کلاس میں کتنی لڑکیاں اور کتنے لڑکے تھے؟<br>(۵) چشمہ کتنے لوگوں نے پہنا ہوا تھا؟<br>(۶) کھیل کے میدان میں کون سی سواری کھڑی تھی؟ |

(۷) ٹوپی کتنے بچوں نے پہنی تھی؟
(۸) حارث کو ٹیم نے ہیرو کس طرح بنایا؟
(۹) حارث دوسرے بچوں سے کیوں الگ رہتا تھا؟ (ضروری نہیں ہے کہ وجہ چشمہ پہننا ہی ہو)۔

## سیشن 2

15 منٹ
- آج 10-12 بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری کتاب کی پڑھائی کریں۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کاپی نکالیں۔ دن تاریخ لکھیں اور کہانی میں سے ''تے'' اور ''تا'' پر ختم ہونے والے الفاظ کی فہرست بنائیں۔ جیسے جیسے بچے کام ختم کرتے جائیں ٹیچر ان کے پاس جا کر کاپیاں چیک کرتی جائیں۔

نوٹ
- ٹیچر کے پاس پہلے سے ان الفاظ کی فہرست موجود ہونی چاہیئے جو بچے لکھیں گے تاکہ ان کو چیک کرنے میں دشواری نہ ہو۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ الفاظ کا ذخیرہ (vocabulary) جمع کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اصل لفظ سے مختلف الفاظ بنائے جائیں جو جملوں میں مختلف شکل میں استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً اصل لفظ ہے ''کھیل''۔ اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ اس لفظ سے وہ کتنے الفاظ بنا سکتے ہیں؟ (کھیلنا۔ کھیلتی۔ کھیلتے۔ کھیلو۔ کھیلوں۔ کھیلنا۔ کھیلنے۔ کھیلیں)
- بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور ساتھ ہی ان الفاظ سے زبانی جملے بھی بنوائیں۔

گھر کا کام
- لفظ ''پڑھ'' سے دس الفاظ بنا کر جملوں میں استعمال کریں۔

## سیشن 3

15 منٹ
- گھر کا کام جمع کریں۔
- کلاس میں بقیہ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ اگر انہیں کسی طرح کا کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو اس کو حل کرنے میں گھر والوں

میں سب سے زیادہ کون مدد کرتا ہے؟ امی۔ ابو۔ بھائی۔ بہن۔ دادا۔ دادی۔ یا کوئی اور؟

20 منٹ
- اب ٹیچر بچوں کو fun writing کے لئے سادہ کاغذ دیں۔ اس پر بچے اپنا نام، کلاس، دن اور تاریخ لکھیں۔بعد میں کوئی ایسا واقعہ لکھیں جب انہیں کسی طرح کا کوئی مسئلہ درپیش ہو اور اس میں کسی نے ان کی مدد کی۔

نوٹ
- بچے اپنی کہانی کے مطابق تصویریں بھی بنائیں۔
- مضمون لکھنے میں ٹیچر بچوں کی مدد ضرور کریں تاکہ اپنے خیالات کا اظہار کرنے میں بچوں کی حوصلہ افزائی ہو۔ ٹیچر بچوں کا کام کلاس میں کسی مناسب جگہ پر display کریں تاکہ بچے ایک دوسرے کا مضمون پڑھ سکیں۔

گھر کا کام
- صفحہ نمبر 7 سے 10 تک پڑھ کر آئیں۔ املا لیا جائے گا۔

## سیشن 4

20 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپی کھولیں اور دن تاریخ لکھیں۔ ٹیچر20 - 15 الفاظ کا املا لیں۔ بعد میں بچے ایک دوسرے سے کاپی بدل لیں اور کام چیک کریں۔

10 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ اب ہم لوگ اس کتاب میں سے ایسے الفاظ تلاش کریں گے جو کسی کام کے کرنے کو ظاہر کر رہے ہوں۔ (action words) مثلاً گاتے۔ کھاتا وغیرہ۔ بچے جو الفاظ بتائیں ٹیچر انہیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔

15 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے ہوئے کسی پانچ یا چھ الفاظ کے جملے کاپی میں لکھیں۔ بعد میں ٹیچر کاپیاں جمع کرلیں اور چیکنگ کے لئے لے جائیں۔

گھر کا کام
- اپنے اسکول سے متعلق مضمون لکھیئے۔
- کوئی ایسے لوگ یا قانون (rules) جن سے آپ خوش اور مطمئن ہوں۔
- کوئی ایسے لوگ یا قانون جن سے آپ ناخوش اور غیر مطمئن ہوں۔

# سیشن 5

30 منٹ
- ٹیچر انفرادی طور پر ہر ایک بچے سے اس کا لکھا ہوا مضمون سنیں اور ساتھ ہی ساتھ جن باتوں سے بچے ناخوش یا غیر مطمئن ہیں۔ ان کا مناسب حل نکالنے کے لئے بچوں سے مشورے مانگیں۔ بچوں کے دیئے ہوئے مشوروں سے کافی مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اب کلاس میں گروپ ورک ہوگا۔ جن بچوں کو اسکول کی انتظامیہ (administration) سے کوئی شکایت ہے وہ اپنے گروپ کے مشورے سے اس شکایت کو دور کرنے کے لئے مختلف مشورے لکھیں اور ہیڈ مسٹریس (head mistress) کے پاس لے کر جائیں۔ اس سلسلے میں ٹیچر پہلے ہیڈ مسٹریس سے بات کرلیں۔

گھر کا کام
- ان الفاظ کا ترجمہ انگریزی میں لکھ کر لائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| شور | noise | کھلاڑی | player |
| گلی | lane | باری باری | one at a time |
| ہمت | courage | آخری | last |
| شروع | start | | |

# سیشن 6

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے گھر کے کام میں دیئے گئے الفاظ کے ترجمہ سنیں۔ جہاں تصحیح کی ضرورت ہو وہاں تصحیح کریں۔

30 منٹ
- آج ٹیچر بچوں سے کلاس میں ایک نظم ترتیب دلوائیں۔
- خود ترتیب دے کر یا کسی بھی بچوں کی نظم میں سے ایک شعر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے ہم قافیہ شعر بنائیں۔
- بچے اپنی اپنی نظم ایک کاغذ پر لکھیں بعد میں اس نظم کے حوالے سے تصاویر بنائیں۔
- ٹیچر بچوں کے کام کو کلاس میں display کروائیں۔

# شرماتا جاتا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale